Essex County Council

ایسکس کاؤنٹی کونسل

# والدین کے لیئے ایک گائیڈ یعنی راہنما کتابچہ

# مالی اعانت سے چلنے والی ابتدائی تعلیم کا استحقاق (FEEE ) :

- نو ماہ سے لے کر دو- سال - کی عمر والوں کے لیئے
- دو- سال- کی عمر والوں کے لیئے
- تین - اور چار -سال کی عمر والوں کے لیئے

**اپریل 2024**

# مضامین


1. تعارف 3

2. بچوں کی صحیح دیکھ بھال کا انتخاب کرنا 4

3. اہلیت 5

4. FEEE کی مالی اعانت سے چلنے والی جگہیں 8

5. قابِل غور نکات 9

6. فیس اور واجبات کا جدول 12

## 1 . تعارف

والدین کے لیئے بچوں کی اچھے معیار کی دیکھ بھال تلاش کرنا مشکل ہوسکتا ہے۔ جب آپ بچے کی دیکھ بھال کے فراہم کنندہ سےملتے ہیں تو دیکھنے اور پوچھنے کے لیئے ذہن میں رکھنے والی بہت ساری چیزیں ہوتی ہیں۔

یہ گائیڈ یعنی راہنما آپ کواِس بات پر غور کرنے کے لیئے نکات فراہم کرتی ہے کہ آپ سمجھ سکیں کہ آپ اپنے بچے کے لیئے مالی اعانت سے چلنے والی ابتدائی تعلیم کے استحقاق تک کیسے رسائی حاصل کرسکتے ہیں اور نرسری ، پری سکول یا چائلڈ مائنڈر کے ساتھ سائن اپ یعنی شمولیت کرنے سے پہلے آپ کو کیا معلوم ہونا چاہئے۔ ہم گائیڈ یعنی راہنما کتابچے کے باقی حصے میں نرسری ، پری سکول یا چائلڈ مائنڈر کے لیئے 'چائلڈ کیئر پرووائیڈر یعنی بچے کی دیکھ بھال کا فراہم کنندہ' کا لفظ استعمال کریں گے۔

### مالی اعانت سے چلنے والی ابتدائی تعلیم کا استحقاق (FEEE ) کیا ہے؟

FEEE یوکے کی حکومت کی طرف سے تمام اہل بچوں کے لیئے فراہم کردہ فنڈنگ یعنی مالی اعانت ہے کیونکہ وہ چاہتے ہیں کہ بچوں کو اچھی نرسری کی تعلیم حاصل ہو اِس طرح وہ زندگی کا بہترین آغاز کرسکتے ہیں ۔

- ستمبر 2024 سے، کام کرنے والے اہل والدین کے نو- ماہ -کی عمر کے بچوں کو 9 ماہ کی عمر کے ہونے کے بعد (**FEEE1W**) کی مدت کے مالی اعانت سے چلنے والےاستحقاقی گھنٹے مل سکتے ہیں ۔ بچے سال بھر میں مالی اعانت سے چلنے والے570 استحقاقی گھنٹوں تک حاصل کریں گے۔ اگر والدین اہلیت کے معیار پر پورا اترتے ہیں تو یہ 38 ہفتوں کے لیئے فی ہفتہ 15 گھنٹوں کے لیئے ہوتا ہے ۔

- اپریل 2024 سے، کام کرنے والے اہل والدین کے دو- سال – کی عمر کے بچوں کو دو سال کے ہونے کے بعد (**FEEE2W**) کی مدت کے مالی اعانت سے چلنے والے استحقاقی گھنٹے مل سکتے ہیں ۔ بچے سال بھر میں مالی اعانت سے چلنے والے570 استحقاقی گھنٹوں تک حاصل کریں گے ۔ اگر والدین اہلیت کے معیار پر پورا اترتے ہیں تو یہ 38 ہفتوں کے لیئے فی ہفتہ 15 گھنٹوں کے لیئے ہوتا ہے۔

- بعض دو -سال – کی عمر وں والے بچے مالی اعانت سے چلنے والے گھنٹے حاصل کر سکتے ہیں اگر اُن کے والدین متعین بینیفٹس ، معاشی معیار پر ہیں یا بچہ متعین غیر معاشی معیار (**FEEE2**)پر پورا اترتا ہے۔ بچے سال بھر میں مالی اعانت سے چلنے والے570 استحقاقی گھنٹوں تک حاصل کریں گے ۔ اگر والدین اہلیت کے معیار پر پورا اترتے ہیں تو یہ 38 ہفتوں کے لیئے فی ہفتہ 15 گھنٹے کے لیئے ہوتا ہے۔

- تین- اور چار- سال کی عمروں والے تمام بچے تین سال کی عمر کے ہونےکے بعد سکول جانے کی عمر تک (**FEEE3&4**) کی مدت سے مالی اعانت سے چلنے والے گھنٹے مل سکتے ہیں، اسے یونیورسل فنڈڈ اِنٹائٹلمنٹ یعنی یونیورسل اعانت یافتہ استحقاق کہا جاتا ہے۔ بچے سال بھر میں مالی اعانت سے چلنے والے570 استحقاقی گھنٹوں تک حاصل کریں گے ۔ یہ 38 ہفتوں کے لیئے فی ہفتہ 15 گھنٹے کے لیئے ہوتا ہے۔ ۔

- کام کرنے والے اہل والدین کے تین- اور چار- سال کی عمروں والے بچے توسیعی شدہ مالی اعانت سے چلنے والااستحقاق (**EFE**)حاصل کرسکتے ہیں ، جو یونیورسل مالی اعانت سے چلنے والے 15 گھنٹوں کے علاوہ مزید 15 گھنٹے ہے ، جسے اکثر "30 گھنٹے کی پیش کش" کہا جاتا ہے۔ یہ اِس وجہ ہے کہ بچے 38 ہفتوں کے لیئے ہفتے میں 30 گھنٹے تک حاصل کر سکتے ہیں جو ایک سال میں مجموعی طور پر مالی اعانت سے چلنے والے استحقاق کے 1140 گھنٹوں پر مشتمل ہے ۔

- 38 ہفتے (یا 570 گھنٹے) اپریل کے آغاز میں شروع ہوتے ہیں اور اگلے سال مارچ کے آخر میں ختم ہوتے ہیں اور سکول کی شرائط کے مطابق تین تعلیمی مدتوں میں تقسیم ہوتے ہیں۔شرائط درج ذیل ہیں:
  - موسم گرما کی مدت - اپریل سے جولائی
  - موسم خزاں کی مدت - ستمبر سے دسمبر
  - موسم بہار کی مدت - جنوری سے مارچ

## 2 . اپنے لیئے اور اپنے بچے کے لیئے صحیح بچے کی دیکھ بھال کا انتخاب کرنا

بچوں کی دیکھ بھال کی مختلف اقسام کے متعلق مزید معلومات حاصل کرنے کے لیئے، براہِ مہربانی درج ذیل لنک پر کلک کریں۔ [فیملی اور چائلڈ کیئر پرووائیڈر ٹرسٹ پانچ مراحل- بچے کی دیکھ بھال کا –انتخاب کرنا] جس میں بچوں کی دیکھ بھال کی تلاش کرتے وقت غور کرنے کے لیئے مفید سوالات کی ایک فہرست شامل ہے یا براہ مہربانی [بچوں کی دیکھ بھال فراہم کرنے والے کو تلاش کریں: بچوں کی دیکھ بھال کی اقسام - ایسکس کاؤنٹی کونسل] کو ملاحظہ کریں:

آپ تمام سرکاری چائلڈ کیئر پرووائیڈر سپورٹ یعنی بچے کی دیکھ بھال کی معاونت اور چائلڈ کیئر پرووائیڈر چوائسز یعنی بچے کی دیکھ بھال کے انتخابات ویب سائٹ پر درخواست دینے کے متعلق معلومات حاصل کرسکتے ہیں۔ مرکزی ECC ویب سائٹ فیملی انفارمیشن سروس - ایسیکس کونٹی کونسل کے ویب پیج فیملی انفارمیشن سروس یعنی خاندانی معلومات کی خدمت (ایف آئی ایس) پر والدین کے لیئے معلومات بھی موجود ہیں۔

آپ اس لنک پر کلک کرکے ایسیکس میں بچے کی دیکھ بھال کے فراہم کنندہ کی تلاش کرسکتے ہیں (essex.gov.uk)

یا آپ fis@essex.gov.uk پر ای میل کے ذریعہ فیملی انفارمیشن سروس یعنی خاندانی معلومات کی خدمت سے رابطہ کرسکتے ہیں۔

یا آپ فیملی ہب کا دورہ کرسکتے ہیں ، آپ اس لنک https://essexfamilywellbeing.co.uk/hubs/ پر کلک کرکے اپنے قریب ترین کو تلاش کرسکتے ہیں۔ یا اپنے مختص کردہ سماجی کارکن سے بات کریں۔

ابتدائی سالوں کے تمام فراہم کنندگان کی ذمہ داری ہے کہ وہ خصوصی تعلیمی ضروریات اور معذوریوں (SEND)والے بچوں کی مدد کریں اور آپ کو اِس کے متعلق معلومات فراہم کرنے کے قابل ہوں کہ وہ ایسا کیسے کریں گے۔ اگر آپ کے بچے کے پاس (SEND) ہے اور آپ کو اپنے بچے کے لیئے صحیح ترتیب تلاش کرنے کے لیئے اضافی مدد کی ضرورت ہے تو، براہِ کرم early.years@essex.gov.uk پر ای میل کریں اور کوئی فرد آپ کی بچے کی دیکھ بھال کی تلاش میں آپ کی مدد کرے گا۔

بچوں کی دیکھ بھال کے فراہم کنندگان **FEEE** کا دعویٰ کرسکتے ہیں اگر وہ:

- آفسٹیڈ کے ساتھ ابتدائی سالوں کے ایک فراہم کنندہ یا ایک سکول نرسری کے طور پر رجسٹرڈ ہیں ، اُس صورت میں کہ وہ سکول کے حصے کے طور پر رجسٹر ہوں گے ۔
- تین- اور چار- سال کی عمر وں والے بچوں اور تمام کام کرنے والے والدین کے استحقاق EFE ،FEEE3&4 ، FEEE2W اور FEEE1W کے لیئے مالی اعانت سے چلنے والا استحقاق فراہم کرنے کے لیئے آفسٹیڈ کی جانب سے اچھی ، غیر معمولی یا درکار بہتری کا فیصلہ رکھتے ہوں ۔
- دو -سال کی عمرو ں کے بچوں کو جو معاشی اور غیر معاشی معیار FEEE2کے تحت اہل ہیں کو مالی اعانت سے چلنے والے استحقاق کی پیش کش کرنے کی بابت آفسٹیڈ کا اچھا یا غیر معمولی فیصلہ رکھتے ہوں ۔
- ایسیکس کاؤنٹی کونسل کے ساتھ FEEE کا معاہدہ رکھتے ہوں ۔

اگر کوئی چائلڈ مائنڈر چائلڈ مائنڈر ایجنسی کا حصہ ہے ، اگر ایجنسی یا چائلڈ مائنڈر کا ایسکس کے ساتھ فنڈنگ یعنی مالی اعانت کا معاہدہ ہے تو وہ پھر بھی FEEE کا دعویٰ کرسکتے ہیں ۔

نئے رجسٹرڈ شدہ بچے کی دیکھ بھال کے فراہم کنندگان اپنے پہلے آفسٹیڈ معائنے سے پیشتر FEEE کی پیش کش کرسکتے ہیں۔ لیکن ، اگر انہیں اپنے پہلے آفسٹیڈ معائنے میں اچھا یا شاندار فیصلہ نہیں ملتا ہے تو ، وہ دو- سال -کی عمروں والے بچوں کو FEEE کی پیش کش کرنے کے قابل نہیں ہوں گے۔

ایسکس کاؤنٹی کونسل کو اس بات کو یقینی بنانا چاہئے کہ بچوں کی دیکھ بھال کے تمام فراہم کنندگان جو FEEE گھنٹوں کا دعویٰ کرتے ہیں وہ:

- ارلی ایئرز فاؤنڈیشن سٹیج یعنی ابتدائی سالوں کا بنیادی مرحلہ (EYFS) کا مکمل نصاب کی فراہم کریں۔
- FEEEحاصل کرنے والے بچوں کے متعلق ریکارڈ رکھیں اور لوکل اتھارٹی اور آفسٹیڈ معلومات دیکھنے کے لیئے کہیں تو اُن کے لیے فراہم کریں ۔

براہِ کرم یاد رکھیں کہ نینیاں یعنی خادمائیں FEEEکا دعویٰ کرنے یا ایسکس کے ساتھ ایف ای معاہدہ کرنے کے قابل نہیں ہیں کیونکہ وہ ابتدائی سالوں کے فراہم کنندہ کے طور پر آفسٹیڈ کے ساتھ رجسٹرڈ نہیں ہیں۔

## 3 . اہلیت

### کام کرنے والے اہل والدین کے نو- ماہ کی عمر کے بچے - FEEE1W

اگر آپ اہلیت کے معیار پر پورا اترتے ہیں تو ستمبر 2024 سے آپ اپنے بچے کے لیئے نو ماہ کی عمر کے بعد کی مدت کے لیئے FEEE1W حاصل کرنے کے قابل ہوسکتے ہیں۔

| **اگر 9 ماہ کی عمر کا( بچہ) اِس کے درمیان ہے** | **تو انہیں FEEE1Wملتا ہے** |
|---|---|
| 1 اپریل - 31 اگست | 1 ستمبر9 ماہ کی عمر کے ہونے بعد |
| 1 ستمبر - 31 دسمبر | 1 جنوری 9 ماہ کی عمر کے ہونے کے بعد |
| 1 جنوری - 31 مارچ | 91 اپریل ماہ کی عمر کے ہونے کے بعد |

آپ https://www.gov.uk/check-eligible-free-childcare-if-youre-working پر اپنی اہلیت آن لائن ملاحظہ کرنے اور آن لائن درخواست مکمل کرنے کے قابل ہوں گے۔ اس سے پہلے کہ آپ استحقاق کے لیئے سائن اپ یعنی شمولیت کریں ، آپ کو اس بات کو یقینی بنانے کے لیئے تمام اختیارات کو دیکھنے کی ضرورت ہے کہ آپ اپنے لیئے بہترین پیکیج کا انتخاب کرتے ہیں۔ یہ ممکن ہے کہ ورکنگ ٹیکس کریڈٹ کا چائلڈ کیئر پرووائیڈر یعنی بچوں کی دیکھ بھال کا عنصر متاثر ہوسکتا ہے جیسا کہ آپ ممکنہ طور پرہر بچوں کی کم دیکھ بھال کے لیئے ادائیگی کر رہے ہوں گے۔

اگر اہل ہیں تو آپ کو اِس بات کو یقینی بنانے کی ضرورت ہے کہ آپ مدت کے آغاز **سے** پہلے FEEE1W کے لیئے درخواست دیتے ہیں جس کے لیئے آپ فنڈنگ شروع کرنا چاہتے ہیں ۔ **براہِ کرم یاد رکھیں** : اگر آپ مدت کے آغاز کے بعد اپنے کوڈ کے لیئے درخواست دیتے ہیں جس کے آغاز کے لیئے آپ فنڈنگ چاہتے ہیں تو ، آپ کا فراہم کنندہ فنڈنگ کا دعویٰ کرنے کے قابل نہیں ہوگا۔ آپ کو اس مدت کے لیئے نجی فیس ادا کرنے کی ضرورت ہوگی۔

جب آپ اپنی درخواست مکمل کر لیتے ہیں اور ایک اکاؤنٹ ترتیب دے لیتے ہیں تو آپ کو اپنے چائلڈ کیئر پرووائیڈر یعنی بچے کی دیکھ بھال کے فراہم کنندہ کے پاس لے جانے کے لیئے ایک اہلیت کا کوڈ ملے گا جو ابتدائی سالوں کے پورٹل پر کوڈ کی پڑتال کرے گا۔ اگر کوڈ تمام پڑتالوں پر پورا اترتا ہے تو ، آپ پھر اپنے مالی اعانت سے چلنے والے گھنٹوں کو ُبک کرواسکتے ہیں۔ آپ کو اپنے بچے کی پیدائش کا سرٹیفکیٹ بھی دکھانے کی ضرورت ہوگی۔

آپ کو ہر 3 ماہ میں چائلڈ کیئر پرووائیڈر چوائسز یعنی بچوں کی دیکھ بھال کے انتخابات سے اپنے اہلیت کوڈ کی تجدید کرنے کی ضرورت ہوگی۔ آپ کی تجدید کی تاریخ آپ کو اُس وقت دی جائے گی جب آپ کی درخواست منظور ہوجائے گی۔ براہِ کرم اِس تاریخ کو نوٹ کریں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ مالی اعانت سے چلنے والے گھنٹوں کا دعویٰ جاری رکھنے کے لیئے تجدید کرواتے ہیں .

**کام کرنے والے اہل والدین کے دو- سالہ بچے - مالی اعانت سے چلنے والی ابتدائی تعلیم کا استحقاق (FEEE2W)**

**اگر آپ اہلیت کے معیار پر پورا اترتے ہیں تو اپریل 2024 سے آپ اپنے بچے کے لیئے دو سالوں کی عمر کے بعد کی مدت کے لیئے FEEE1W حاصل کرنے کے قابل ہوسکتے ہیں۔**

| **اگر ان کی سالگرہ درمیان میں ہےتو** | **انہیں FEEW2 ملتا ہے** |
|---|---|
| 1 اپریل - 31 اگست | 1 ستمبر ان کی دوسری سالگرہ کے بعد |
| 1 ستمبر - 31 دسمبر | 1 جنوری ان کی دوسری سالگرہ کے بعد |
| 1 جنوری - 31 مارچ | 1 اپریل ان کی دوسری سالگرہ کے بعد |

آپ https://www.gov.uk/check-eligible-free-childcare-if-youre-working پر اپنی اہلیت آن لائن ملاحظہ کرنے اور آن لائن درخواست مکمل کرنے کے قابل ہوں گے۔ اس سے پہلے کہ آپ استحقاق کے لیئے سائن اپ یعنی شمولیت کریں ، آپ کو اس بات کو یقینی بنانے کے لیئے تمام اختیارات کو دیکھنے کی ضرورت ہے کہ آپ اپنے لیئے بہترین پیکیج کا انتخاب کرتے ہیں۔ یہ ممکن ہے کہ ورکنگ ٹیکس کریڈٹ کا چائلڈ کیئر پرووائیڈر یعنی بچوں کی دیکھ بھال کا عنصر متاثر ہوسکتا ہے جیسا کہ آپ ممکنہ طور پر بچوں کی کم دیکھ بھال کے لیئے ادائیگی کر رہے ہوں گے۔

اگر اہل ہیں تو آپ کو اِس بات کو یقینی بنانے کی ضرورت ہے کہ آپ مدت کے آغاز **سے** پہلے FEEE1W کے لیئے درخواست دیتے ہیں جس کے لیئے آپ فنڈنگ شروع کرنا چاہتے ہیں ۔ **براہِ کرم یاد رکھیں** : اگر آپ مدت کے آغاز کے بعد اپنے کوڈ کے لیئے درخواست دیتے ہیں جس کے آغاز کے لیئے آپ فنڈنگ چاہتے ہیں تو ، آپ کا فراہم کنندہ فنڈنگ کا دعویٰ کرنے کے قابل نہیں ہوگا۔ آپ کو اس مدت کے لیئے نجی فیس ادا کرنے کی ضرورت ہوگی۔

جب آپ اپنی درخواست مکمل کر لیتے ہیں اور ایک اکاؤنٹ ترتیب دے لیتے ہیں تو آپ کو اپنے چائلڈ کیئر پرووائیڈر یعنی بچے کی دیکھ بھال کے فراہم کنندہ کے پاس لے جانے کے لیئے ایک اہلیت کا کوڈ ملے گا جو ابتدائی سالوں کے پورٹل پر کوڈ کی پڑتال کرے گا۔ اگر کوڈ تمام پڑتالوں پر پورا اترتا ہے تو ، آپ پھر اپنے مالی اعانت سے چلنے والے گھنٹوں کو ُبک کرواسکتے ہیں۔ آپ کو اپنے بچے کی پیدائش کا سرٹیفکیٹ بھی دکھانے کی ضرورت ہوگی۔

آپ کو ہر 3 ماہ میں چائلڈ کیئر پرووائیڈر چوائسز یعنی بچوں کی دیکھ بھال کے انتخابات سے اپنے اہلیت کوڈ کی تجدید کرنے کی ضرورت ہوگی۔ آپ کی تجدید کی تاریخ آپ کو اُس وقت دی جائے گی جب آپ کی درخواست منظور ہوجائے گی۔ براہِ کرم اِس تاریخ کو نوٹ کریں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ مالی اعانت سے چلنے والے گھنٹوں کا دعویٰ جاری رکھنے کے لیئے تجدید کرواتے ہیں .

**دو -سال – کی عمر والا مالی اعانت سے چلنے والی ابتدائی تعلیم کا استحقاق (FEEE2)**

اگر آپ مخصوص بینیفٹس کا دعویٰ کرتے ہیں یا اضافی معیار پر پورا اترتے ہیں تو آپ اپنے دو سالہ بچے کے لیئے FEEE2 حاصل کرنے کے قابل ہوسکتے ہیں۔

مزید معلومات کے لیئے براہِ کرم درج ذیل لنک پر کلک کریں 2 -سال -کی عمروں والے بچوں کی دیکھ بھال کی لاگت کے ساتھ مدد

ایسیکس کاؤنٹی کونسل ڈیپارٹمنٹ فار ایجوکیشن الیجیبلٹی چیکنگ سروس یعنی محکمہ تعلیم کی اہلیت کی جانچ پڑتال کی خدمت (ای سی ایس) کا استعمال یہ جانچنے کے لیئے کرتی ہے کہ بچے اپنے والدین کو ملنے والے بینیفٹس (بشمول یونیورسل کریڈٹ) کی بنیاد پر اہلیت کے معیار پر پورا اترتے ہیں ۔

دو -سال- کی عمروں والے بچے دو سال کے ہونے کے بعد سکول جانے کے مدت کے اپنے **FEEE** تک رسائی حاصل کرسکتے ہیں، ذیل میں دیکھیں:

| **اگر ان کی سالگرہ درمیان میں ہے تو** | **انہیں FEEE2 ملتا ہے** |
|---|---|
| 1 اپریل - 31 اگست | 1 ستمبر ان کی دوسری سالگرہ کے بعد |
| 1 ستمبر - 31 دسمبر | 1 جنوری ان کی دوسری سالگرہ کے بعد |
| 1 جنوری - 31 مارچ | 1 اپریل ان کی دوسری سالگرہ کے بعد |

اگر آپ اہل ہیں اور آپ کسی کے ساتھ اس کے متعلق بات کرنا چاہتے ہیں تو ، آپ اپنے ضلع کے لیئے ایسکس چائلڈ اینڈ فیملی ویلبینگ سروس یعنی ایسکس کی بچے اور خاندان کی فلاح وبہود کی خدمت کے فیملی ہب یعنی خاندانی مرکز سے رابطہ کرسکتے ہیں۔ آپ کے لوکل فیملی ہب یعنی مقامی خاندانی مرکز کی تفصیلات یہاں مل سکتی ہیں /https://essexfamilywellbeing.co.uk/hubs

2 -سال -کی عمر کی فنڈنگ کے لیئے رجسٹر کروانے کے لیئے، آپ کو آن لائن درخواست دینے کی ضرورت ہے، اور آپ کو یہ چیز یں درکار ہوں گی:

- آپ کا نیشنل انشورنس نمبر یا قومی پناہ گزین سروس نمبر
- ایسکس ایجوکیشن پورٹل- لاگ آن جانے کے لیئے اور اپنے ای میل ایڈریس اور پاس ورڈ کا استعمال کرتے ہوئے لاگ ان کریں۔ اگر آپ پہلی بار پورٹل تک رسائی حاصل کر رہے ہیں تو، براہِ کرم رجسٹر پر کلک کریں اور فراہم کردہ رہنمائی پر عمل کریں

اگر آپ کے پاس انٹرنیٹ تک رسائی نہیں ہے یا آن لائن فارم کو مکمل کرنے میں مدد کی ضرورت ہے تو ، آپ مندرجہ ذیل سے مدد حاصل کرسکتے ہیں:

- فیملی ہب - ان سے رابطہ کرنے کے طریقے کی تفصیلات کے لیئے اوپر دیکھیں
- ای میل کریں Early.Years@essex.gov.uk
- اپنے چائلڈ کیئر پرووائیڈر یعنی بچے کی دیکھ بھال کے فراہم کنندہ ، ہیلتھ وزیٹر یا سماجی کارکن سے بات کریں

جب آپ آن لائن فارم بھر چکے ہوتے ہیں ، اور اہلیت کی پڑتالیں کامیاب ہو چکی ہوتی ہیں تو آپ کو ایک حوالہ نمبر ملے گا جسے پھر آپ اپنے مالی اعانت سے چلنے والے 15 گھنٹے حاصل کرنے کے لیئے اپنے چائلڈ کیئر پرووائیڈر یعنی بچے کی دیکھ بھال کے فراہم کنندہ کے پاس لے جا سکتے ہیں ۔ اضافی معیار کی وجہ سے اہل ہونے کی صورت میں آپ کو فراہم کنندہ کو اپنے بچے کی پیدائش کا سرٹیفکیٹ ، اپنا قومی انشورنس نمبر اور دیگر ثبوت دکھانے کی ضرورت ہوگی۔

**تین -اور- چار سالہ عمر کی FEEE - یونیورسل 15 گھنٹے فی ہفتہ (FEEE3&4)**

تمام 3 -اور 4 – سال کی عمروں بچے اپنی تیسری سالگرہ کے بعد کی مدت میں سے ، 38 ہفتے فی سال (مدت کا وقت) یونیورسل مالی اعانت سے چلنے والے 15 گھنٹے فی ہفتہ حاصل کرنے کا استحقاق رکھتے ہیں، ذیل میں دیکھیں:

| **اگر ان کی سالگرہ درمیان میں ہے** | **انہیں ایف ای ای 3 اور 4 ملتا ہے** |
|---|---|
| 1 اپریل - 31 اگست | 1 ستمبر ان کی تیسری سالگرہ کے بعد |
| 1 ستمبر - 31 دسمبر | 1 جنوری ان کی تیسری سالگرہ کے بعد |
| 1 جنوری - 31 مارچ | 1 اپریل ان کی تیسری سالگرہ کے بعد |

یہ تاریخیں محکمہ تعلیم کی جانب سے مقرر کی گئی ہیں اور ان میں تبدیلی نہیں کی جا سکتی۔

اگر آپ کا بچہ پہلے سے ہی بچے کی دیکھ بھال کے فراہم کنندہ کے پاس جا رہا ہے تو ، وہ FEEE کا دعویٰ کرنے کے قابل ہوسکتے ہیں لہذا ان کا جائزہ لیں کہ آپ کا بچہ مالی اعانت سے چلنے والے استحقاق کے گھنٹوں تک کس طرح رسائی حاصل کرسکتا ہے۔

اگر آپ کا بچہ بچوں کی دیکھ بھال کے فراہم کنندہ کے پاس نہیں جا رہا ہے تو ، آپ کو کسی ایسے کی تلاش کرنے کی ضرورت ہوگی جو FEEE استحقاق کی جگہیں پیش کرتا ہے اور آپ کے بچے کو ان کے ساتھ رجسٹر کرتا ہے۔

**تین -اور چار- سال -کی عمر کی FEEE - مالی اعانت سے چلنے والا توسیع شدہ استحقاق (EFE)**

بعض بچے EFE کے لیئے اہل ہوں گے جو فی سال 38 ہفتوں کے لیئے فی ہفتہ 15 گھنٹے اضافی ہیں۔ آپ آن لائن [Childcare calculator - GOV.UK](https://www.gov.uk) کا استعمال کرتے ہوئے اپنی اہلیت کی پڑتال کرنے اور آن لائن ایک درخواست مکمل کرنے کے قابل ہو ں گے۔ توسیع شدہ استحقاق کے لیئے سائن اپ یعنی شمولیت اختیار کرنے سے پہلے ، آپ کو اِس بات کو یقینی بنانے کے لیئے کہ آپ اپنے لیئے بہترین پیکیج کا انتخاب کرتے ہیں آپ کو تمام اختیارات کو دیکھنے کی ضرورت ہے ۔ یہ ممکن ہے کہ ورکنگ ٹیکس کریڈٹ کا چائلڈ کیئریعنی بچے کی دیکھ بھال کا عنصر متاثر ہوسکتا ہے جیسا کہ آپ ممکنہ طور پر بچے کی کم دیکھ بھال کے لیئے ادائیگی کر رہے ہوں گے۔

اگر اہل ہیں تو آپ کو اِس بات کو یقینی بنانے کی ضرورت ہے کہ آپ مدت کے آغاز **سے** پہلے FEEE1W کے لیئے درخواست دیتے ہیں جس کے لیئے آپ فنڈنگ شروع کرنا چاہتے ہیں ۔ **براہِ کرم یاد رکھیں** : اگر آپ مدت کے آغاز کے بعد اپنے کوڈ کے لیئے درخواست دیتے ہیں جس کے آغاز کے لیئے آپ فنڈنگ چاہتے ہیں تو ، آپ کا فراہم کنندہ فنڈنگ کا دعویٰ کرنے کے قابل نہیں ہوگا۔ آپ کو اس مدت کے لیئے نجی فیس ادا کرنے کی ضرورت ہوگی۔

جب آپ اپنی درخواست مکمل کر لیتے ہیں اور ایک اکاؤنٹ ترتیب دے لیتے ہیں تو آپ کو اپنے چائلڈ کیئر پرووائیڈر یعنی بچے کی دیکھ بھال کے فراہم کنندہ کے پاس لے جانے کے لیئے ایک اہلیت کا کوڈ ملے گا جو ابتدائی سالوں کے پورٹل پر کوڈ کی پڑتال کرے گا۔ اگر کوڈ تمام پڑتالوں پر پورا اترتا ہے تو ، آپ پھر اپنے مالی اعانت سے چلنے والے گھنٹوں کو ُبک کرواسکتے ہیں۔ آپ کو اپنے بچے کی پیدائش کا سرٹیفکیٹ بھی دکھانے کی ضرورت ہوگی۔

آپ کو ہر 3 ماہ میں چائلڈ کیئر پرووائیڈر چوائسز یعنی بچوں کی دیکھ بھال کے انتخابات سے اپنے اہلیت کوڈ کی تجدید کرنے کی ضرورت ہوگی۔ آپ کی تجدید کی تاریخ آپ کو اُس وقت دی جائے گی جب آپ کی درخواست منظور ہوجائے گی۔ براہِ کرم اِس تاریخ کو نوٹ کریں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ مالی اعانت سے چلنے والے گھنٹوں کا دعویٰ جاری رکھنے کے لیئے تجدید کرواتے رہیں ۔

**ابتدائی سالوں کا طالب کا پریمیئم (EYPP)**

تمام اہل بچے جو FEEE وصول کر رہے ہیں وہ EYPP کے لیئے اہل ہوسکتے ہیں۔EYPP 3- اور4 -سالہ EFE (کام کرنے والے والدین کے لیئے اضافی 15 گھنٹے) کے لیئے ادائیگی نہیں کرتا ہے۔ EYPP بچے کی دیکھ بھال کے فراہم کنندہ کو اضافی فنڈنگ فراہم کرتا ہے ، جسے وہ وسائل فراہم کرنے کے لیئے استعمال کرسکتے ہیں جو آپ کے بچے کی مدد کرے گا۔

تاکہ کہ وہ اِس اضافی فنڈنگ کا دعویٰ کرسکیں، آپ کا بچے کی دیکھ بھال کا فراہم کنندہ آپ سے والدین / دیکھ بھال کرنے والے کے معاہدے کے فارم پر متعلقہ حصہ بھرنے کے لیئے کہے گا۔

آپ کا چائلڈ کئیر پروائیڈر یعنی بچے کی دیکھ بھال کا فراہم کنندہ آپ سے اس کے متعلق بات کرے گا کہ آپ کے بچے کو سیکھنے میں مدد دینے کے لیئے کس چیز کی ضرورت ہے۔ اس کے بعد وہ اضافی فنڈنگ کا استعمال اس بات کو یقینی بنانے کے لیئے کرسکتے ہیں کہ انہیں وہ مدد ملے جس کی انہیں ضرورت ہے۔

**معذوری تک رسائی کا فنڈ (DAF)**

اگر آپ کا بچہ ڈِس ایبلیٹی لیونگ الاؤنس یعنی معذوری کی زندگی گزانے کے الاؤنس کے لیئے اہل ہوتا ہے تو ، فراہم کنندہ ہر مالی سال میں DAF کے لیئے درخواست دینے کے قابل ہوگا ۔ آپ کو DLA کا ثبوت فراہم کرنے کی ضرورت ہوگی۔ یہ اضافی فنڈنگ سامان، وسائل یا رہائشی ترتیب میں مناسب ردوبدل کرنے پر خرچ کی جا سکتی ہے۔ اگر آپ کا بچہ اپنے اعانت شدہ کے اوقات کو دو فراہم کنندگان میں تقسیم کرتا ہے تو ، آپ کو مرکزی رہائشی ترتیب کو نامزد کرنا چاہئے جو آپ کے بچے کے لیئے DAF حاصل کرے گی ، DAF صرف ایک ادارے کو ادا کیا جاتا ہے۔

## 4 . مالی اعانت سے چلنے والی FEEE کی جگہیں

فنڈنگ کا دعویٰ کرنے کے لیئے بچے کی دیکھ بھال کا فراہم کنندہ آپ کے بچے کی تفصیلات کو ہر مدت کے مقررہ اوقات میں ایک آن لائن فارم میں ڈالتا ہے ، اسے ہیڈ کاؤنٹ یعنی مرکزی اعدادوشمار کہا جاتا ہے۔ وہ فارم میں اُن گھنٹوں کی تعداد کو شامل کرتے

ہیں جو وہ اپنی دیکھ بھال میں ہر بچے کے لیئے کلیم کر رہے ہیں ، اور اس معلومات کو کونسل کے ذریعہ فنڈنگ کی رقم کا تعین کرنے کے لیئے استعمال کیا جاتا ہے جو بچے کی دیکھ بھال کے فراہم کنندہ کو مدت کے لیئے ادا کی جائے گی ۔

ایک مالی سال میں 38 ہفتوں کے لیئےFEEE کے 570 یا 1140 گھنٹوں کا دعویٰ کیا جاسکتا ہے۔ کچھ فراہم کنندگان فنڈنگ کو سال کے 38 ہفتوں سے زیادہ استعمال کرنے کی اجازت دیتے ہیں ، اگر آپ کو پورے سال بچے کی دیکھ بھال کی ضرورت ہو تو مذکورہ مفید ثابت ہوسکتا ہے۔ اگر بچے کی دیکھ بھال کا فراہم کنندہ مالی اعانت سے چلنے والے آپ کے استحقاق کو 38 ہفتوں سے زیادہ عرصے تک بڑھا رہا ہے تو ، وہ ہر ایک مدت میں اجازت شدہ گھنٹوں کی پوری تعداد کا دعویٰ کرنے کے قابل ہوں گے۔ اگر آپ کو 50 ہفتوں میں اپنا مکمل استحقاق مل رہا ہے تو آپ کا فراہم کنندہ آپ کے والدین / دیکھ بھال کرنے والے کے معاہدے کے فارم پر درج کرے گا کہ وہ ہر مدت کے قابل قبول ہفتوں کی تعداد کی بابت ہفتے میں 15 گھنٹوں کا دعویٰ کر رہے ہیں ، اس سے پورے سال میں 570 یا 1140 گھنٹوں کا اضافہ ہوتا ہے۔

FEEE فنڈنگ کی ادائیگی کی جاتی ہے اگر:

- آپ کا بچہ ہیڈ کاؤنٹ یعنی مرکزی اعدادوشمار کے فارم پر ہے اور ہیڈ کاؤنٹ یعنی مرکزی اعدادوشمار کے دن بچے کی دیکھ بھال کے فراہم کنندہ کے پاس رجسٹرڈ ہے۔
- یا اگر آپ کا بچہ ہیڈ کاؤنٹ یعنی مرکزی اعدادوشمار میں شامل ہے لیکن اُس ہفتے میں بیمار یا دور ہے لیکن جب وہ بہتر ہو جاتے ہیں تو بچے کی دیکھ بھال کے فراہم کنندہ کے پاس واپس جائے گا۔

اگر آپ کا بچہ ہیڈ کاؤنٹ یعنی مرکزی اعدادوشمار کی تاریخ کے بعد شروع کرتا ہے تو ، وہ آپ کے بچے کے لیئے دیر سے دعویٰ کرسکتے ہیں بشرطیکہ انہوں نے مدت کے دوران کسی دوسرے ایسکس چائلڈ کیئر پرووائیڈر یعنی بچے کی دیکھ بھال کے فراہم کنندہ سے اعانت شدہ اوقات حاصل نہیں کیے ہیں ۔

بچے کی دیکھ بھال کے تمام فراہم کنندگان کو استحقاق میں سے ہر ایک کے لیئے ایک مقررہ فی گھنٹہ کی شرح ادا ئیگی کی جاتی ہے۔ قیمتیں شائع نہیں کی جاتی ہیں کیونکہ والدین کے لیئے کوئی مالیاتی قیمت نہیں ہوتی ہے کیونکہ ترسیل کے مقام پر اعانت شدہ اوقات مفت ہونے چاہئیں۔

فراہم کنندگان کو 3 اور 4 سال کے بچوں کے لیئے 10p ، 20p یا 30p فی گھنٹہ بھی مل سکتا ہے جو ایسے علاقے میں رہتے ہیں جہاں کم لاگت رہائش ہے۔

اگر آپ کے بچے کی اضافی ضروریات ہیں تو آپ کے بچے کی کسی بھی اضافی ضروریات کو پورا کرنے میں اُن کی مدد کرنے کے لیئے ایک شراکت کے طور پر چائلڈ کیئر پرووائیڈر یعنی بچے کی دیکھ بھال کا فراہم کنندہ اپریل سے جولائی تک انکلوژن فنڈنگ یعنی اشتمالی اعانت (IF ) اور پھر ستمبر سے سپیشل ایجوکیشنل نیڈز انکلوژن فنڈنگ یعنی مخصوص تعلیمی ضروریات کی اشتمالی اعانت (SENIF) کے لیئے درخواست دے سکتا ہے ۔ اگر فراہم کنندہ غور کرنے کے لیئے فنڈنگ کی درخواست پر جمع کروانے کے لیئے دستاویزات تیار کرنے میں مدد کی ضرورت ہو انہیں اپنے انکلوژن پارٹنر یعنی اشتمالی شراکت دار سے مدد حاصل کرنی چاہئے ۔

## 5 . قابلِ غور نکات

اعانت شدہ استحقاق مختلف طریقوں سے حاصل کیا جا سکتا ہے، ایک دن میں استعمال ہونے والے زیادہ سے زیادہ اعانت شدہ اوقات کی تعداد 10 گھنٹے ہے۔ بچے کی دیکھ بھال کے فراہم کنندگان :

- ہر روز وہ مدت مقرر کر سکتے ہیں جو وہ FEEE کے اوقات پیش کرتے ہیں ، جیسے صبح 9am سے 12pm۔
- روزانہ زیادہ سے زیادہ 10 مالی اعانت سے چلنے والے گھنٹے قبول کر سکتے ہیں ، کم سے کم گھنٹوں کی کوئی تعداد نہیں ہے۔
- مالی اعانت سے چلنے والے گھنٹوں کی تعداد کی ایک حد مقرر کر سکتے ہیں جن تک ایک دن میں رسائی حاصل کی جاسکتی ہے۔ مثال کے طور پر، آغاز کے اوقات 7.00 am سے 7.00 pm ہیں لیکن مالی اعانت سے چلنے والے گھنٹوں تک رسائی صرف 8 گھنٹے کے لیئے حاصل کی جاسکتی ہے، اور بقیہ 4 گھنٹوں کا معاوضہ لیا جاتا ہے۔
- FEEE صرف ایک ایسی جگہ پیش کرتا ہے جہاں اضافی اوقات کے لیئے ادائیگی کرنے یا اضافی معاوضہ ادا کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی ہے - یہ جگہیں محدود ہوسکتی ہیں لہذا جائزہ لے سکتے ہیں کہ آیا دستیاب ہے یا نہیں۔
- مالی اعانت سے چلنے والے گھنٹوں تک رسائی حاصل کرتے وقت قابل استعمال معاوضہ وصول کرسکتے ہیں – گائیڈ یعنی راہنمائی کے آخر میں جدول دیکھیں۔
- صرف مالی اعانت سے چلنے والے گھنٹوں کی مدت کےوقت کی پیش کش کر سکتے ہیں یا تعطیلات کے دورانیوں کا احاطہ کرنے والی ایک طویل پیش کش کر سکتے ہیں۔

یہ سمجھنا ضروری ہے کہ بچے کی دیکھ بھال کے مختلف فراہم کنندگان کے پاس مالی اعانت سے چلنے والے استحقاق کی مختلف پیش کشیں ہوں گی لہٰذا آپ کو ایسی جگہ تلاش کرنے کی ضرورت ہے جو آپ کی ضروریات کے مطابق ہو۔ بچے کی دیکھ بھال کے زیادہ تر فراہم کنندگان سکول کی مدت کی اوقات کے ساتھ FEEEکے اوقات پیش کریں گے ، لیکن انہیں ایسا کرنے کی ضرورت نہیں ہے ، اوربعض اِسے مزید ہفتوں آگے پیش کریں گے۔

FEEE کے گھنٹے ، دوپہر کے کھانے کے وقت کا احاطہ کرسکتے ہیں جہاں دوپہر کے کھانے کے اوقات بچوں کو نئی چیزیں سیکھنے اور نئی مہارتوں کو فروغ دینے میں مدد کرنے کے لیئے استعمال ہوتے ہیں۔

جب FEEE کے گھنٹوں میں دوپہر کے کھانے کا وقت شامل ہوتا ہے تو دوپہر کے کھانے یا سنیکس کے لیئے معاوضہ ہوسکتا ہے ، لیکن آپ کے بچے کے آغاز کرنے سے پہلے کھانے کی بابت کسی بھی معاوضے پر آپ کے ساتھ اتفاق کرنا ضروری ہے۔

بچے کی دیکھ بھال کے فراہم کنندگا ن صرف اُن اوقات اور خدمات کے لیئے معاوضہ وصول کرسکتا ہے جو مالی اعانت سے چلنے والے استحقاق کا حصہ نہیں ہیں۔ اگر آپ کو مالی اعانت سے چلنے والے گھنٹوں تک رسائی حاصل کرنے کے لیئے اضافی گھنٹے لینے کی ضرورت ہے تو یہ دیکھنے کے لیئے جائزہ لیں۔ آپ کا بچہ ادارے میں آغاز کرتا ہے اور آپ بچے کی دیکھ بھال کی جگہ کو قبول کرنے کے لیئے دستخط کرتے ہیں اِس سے پہلے کسی قسم کی بھی قیمت جو آپکو لازمی ادا کرنے ہوتی ہے اُسے والدین / دیکھ بھال کرنے والے کی معلومات میں واضح کردی جانی چاہئے اور آپ کو اُس سے متفق ہونا چاہئے ۔ بچے کی دیکھ بھال کے فراہم کنندگان کو کسی اعانت شدہ جگہ کے متعلق کسی قسم کی شرائط منسلک نہیں کرنی چاہئیں جس کا مطلب ہے کہ آپ کو اضافی گھنٹے خریدنے چاہیئں ، دوپہر کے کھانے کے وقت کے واجبات ادا کرنے چاہیئں، رجسٹریشن فیس ادا کرنی چاہیئے یا انہیں یونیفارم دینے کی بابت معاوضہ وصول کر نا چاہیئے ۔

آپ اپنی پسند کے چائلڈ کیئر پروائیڈ ر یعنی بچے کی دیکھ بھال کے فراہم کنندہ سے 38 ہفتوں سے بھی کم وقت کے لیئے فنڈنگ لے سکتے ہیں؛ تاہم، انہیں کم از کم 33 ہفتوں کے لیئے فنڈنگ کی پیش کش کرنی چاہئے۔

اگر آپ بچے کی دیکھ بھال کے فراہم کنندہ کو استعمال کرنے کا انتخاب کرتے ہیں جو 38 ہفتوں سے کم وقت کے لیئے کھلا ہوتا ہے تو ، آپ باقی ہفتوں کو کہیں اور استعمال نہیں کرسکتے ہیں۔ اگر آپ کو تمام 38 ہفتوں کی ضرورت ہے تو ، بچے کی دیکھ بھال کے اُس فراہم کنندہ کا انتخاب کرنا بہتر ہے جو یہ پیش کرسکتا ہے۔

بچے کی دیکھ بھال کے بعض فراہم کنندگان کے پاس جسے 'اسٹریچڈ آفر یعنی طویل پیش کش ' کہا جاتا ہے ہوتی ہے ، جہاں تعطیلات کے دورانیوں کا احاطہ کرنے کے لیئے فنڈنگ کو بڑھایا جاتا ہے۔ لیکن آپ کو یہ سمجھنے کی ضرورت ہے کہ ہر مدت کے لیئے زیادہ سے زیادہ اوقات جس کا آپ دعویٰ کرسکتے ہیں وہ تبدیل نہیں ہوتا ہے۔ ایک سال میں دعویٰ کیے جانے والے گھنٹوں کی کل تعداد 570/1140 ہے۔ اگر آپ کا فراہم کنندہ سال کے 50 ہفتوں سے زیادہ فنڈنگ کی پیش کش کرتا ہے تو ، آپ کو زیادہ ہفتوں میں کم گھنٹے ملیں گے لیکن آپ جتنے گھنٹوں کا استحقاق رکھتے ہیں ان کی تعداد وہی رہے گی ۔

بچے کی دیکھ بھال کا فراہم کنندہ آپ کے ساتھ والدین / دیکھ بھال کرنے والے کامعاہدہ فارم لازمی پُر کرے گا جس میں آپ کے بچے کو ہر مدت کے لیئے ملنے والے FEEE اوقات کے گھنٹوں اور دِنوں کو تحریری شکل دی جاتی ہے۔ جتنے گھنٹے آپ کا بچہ شرکت کرتا ہے یہ اِس سے زیادہ نہیں ہونا چاہئے ۔ اگر آپ نہیں چاہتے کہ آپ کا بچہ پورے 15 یا 30 گھنٹوں کے لیئے حاضر رہے تو آپ کو تمام گھنٹوں کا دعویٰ کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی ہے۔

اگر آپ ہیڈ کاؤنٹ یعنی مرکزی اعداوشمار کے دن کے بعد گھنٹوں میں اضافہ کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں تو ، بچے کی دیکھ بھال کا فراہم کنندہ اضافی گھنٹوں کا دعویٰ نہیں کرسکتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ آپ کو مدت کے اختتام تک اضافی گھنٹوں کے لیئے ادائیگی کرنے کے لیئے کہیں گے۔ یہ ضروری ہے کہ آپ تمام تفصیلات سے آگاہ ہوں اور دستخط کرنے سے پہلے والدین / دیکھ بھال کرنے والے کے معاہدے کے فارم اور رہنمائی پر معلومات پڑھیں۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کسی قسم کے اضافی اخراجات کے متعلق آگاہ ہیں ، وہ کس کے لیئے ہیں ، اور آپ اپنے بچے کے آغاز کرنے سے پہلے اِن سے متفق ہیں۔

دیکھیں کہ بچے کی دیکھ بھال کا فراہم کنندہ ہر مدت کے اعانت شدہ گھنٹوں کی ضمانت دے گا اور یہ کہ پیشکش بچے کی عمر پر منحصر نہیں ہوتی ہے یا اگر توسیع شدہ گھنٹوں کی ضرورت ہے۔

اگر آپ ، ہیڈ کاؤنٹ یعنی مرکزی اعدادوشمار ہونے کے بعد، اپنے بچے کو مدت کے دوران کسی دوسرے فراہم کنندہ کے پاس جزوی طور پر منتقل کرتے ہیں تو ، آپ کا نیا فراہم کنندہ ایسکس کاؤنٹی کونسل سے FEEE کے گھنٹوں کا دعویٰ کرنے کے قابل نہیں ہوگا۔ لہذا ، آپ کو نئے فراہم کنندہ کے پاس بقیہ مدت کے لیئے فیسیں ادا کرنا پڑسکتی ہے۔

ان معاملات میں ، ایسکس کاؤنٹی کونسل اصل فراہم کنندہ کو نئے فراہم کنندہ کو مدت کے لیئے غیر استعمال شدہ فنڈنگ منتقل کرنے کے لیئے کہہ سکتی ہے ، لیکن یہ اُن کے قانونی معاہدے کا حصہ نہیں ہے ، اور ہم اس بات پر زور دینے سے قاصر ہیں کہ وہ فنڈنگ منتقل کریں۔

نیز ، آپ کے اصل فراہم کنندہ کے پاس نوٹس یعنی آگاہی کی مدت ہوگی اور اگر آپ نے انہیں مطلوبہ نوٹس یعنی اطلاع نہیں دی تھی کہ آپ کا بچہ جا رہا تھا تو وہ فیس وصول کرسکتا ہے ، براہِ کرم اپنا فیصلہ کرنے سے پہلے اس کا جائزہ لیں ۔

آپ کو ملنے والی کسی قسم کی انوائسوں کو واضح طور پر مَدات سے مزین ہونا چاہیئے اور ظاہر کرنا چاہئے کہ :

- آپ نے اپنے بچے کے مالی اعانت سے چلنے والے گھنٹے مکمل طور پر مفت وصول کیے ہیں، مالی اعانت سے چلنے والے

گھنٹوں کے ساتھ کوئی مالیاتی قیمت منسلک نہیں ہونی چاہئے۔

- اضافی گھنٹوں / اجلاسوں / دنوں میں خلل جس کے لیئے آپ سے مالی اعانت سے چلنے والے گھنٹوں کے علاوہ معاوضہ لیا گیا ہے ، فراہم کنندہ کو اس جگہ پر آپ کے دوبارہ شروع کرنے سے پہلے ان کے متعلق بتانا ہوگا کیونکہ آپ والدین / دیکھ بھال کرنے والے معاہدے کے فارم پر دستخط کرکے اُن سے متفق ہوں گے۔
- کسی قسم کے اضافی معاوضوں یعنی قابل استعمال معاوضے ، کھانے اور خدمات کی تفصیل۔

برائے مہربانی یہ بھی جان لیں کہ:

- وہ قیمتیں جو بچے کی دیکھ بھال کا فراہم کنندہ FEEE کے گھنٹوں کے علاوہ اضافی گھنٹوں کے لیئے وصول کرتا ہے وہ آپ اور اُن کے درمیان ایک نجی معاملہ ہے۔ لوکل اتھارٹیاں فراہم کنندگان کے نجی کاروبار میں شامل نہیں ہوسکتے ہیں۔

- اگر آپ کے بچے کا صرف آپ کے FEEE کے گھنٹوں کے لیئے دھیان رکھا جا رہا ہے تو آپ کو انوائس کی ضرورت نہیں ہے۔ لیکن فراہم کنندہ کو آپ کو بتانا ہوگا کہ انہوں نے فنڈنگ کے لیئے درخواست دی ہوئی ہے اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ والدین / دیکھ بھال کرنے والے کے معاہدے کا فارم مکمل کرتے ہیں۔

بچے کی دیکھ بھال کے فراہم کنندگان کام کرنے والے تمام والدین کے استحقاق اور تین- اور چار- سال کی عمروں والے بچوں کے یونیورسل استحقاق کے لیئے FEEE کی جگہ محفوظ کرنے کے لیئے ڈپازٹ یعنی رقم وصول کرسکتے ہیں۔ ڈپازٹ یعنی رقم کو کیسے اور کب لاگو کیا جاسکتا ہے اور کب واپس کیا جاسکتا ہے اس کی تفصیلات کے لیئے براہِ کرم صفحہ 12 پر جدول دیکھیں۔

فراہم کنندہ جب کسی بھی بچے کے بغیر کھلے ہوتے ہیں تووہ ہر مدت میں ایک دن کے لیئے FEEE کا دعویٰ کرسکتا ہے تاکہ وہ عملے کی تربیت کرسکیں۔ آپ کے والدین / دیکھ بھال کرنے والے کے معاہدے کے اپنے فارم پر دستخط کرنے سے پہلے انہیں اس بات کو یقینی بنانا چاہئے کہ آپ کو معلوم ہے کہ آپ فی مدت مالی اعانت یافتہ استحقاق کا ایک دن کھو دیں گے۔ آپ کو کسی قسم طے شدہ بندشوں کا 6 ہفتوں کا نوٹس بھی دیا جانا چاہئے۔

اگر آپ کا بچہ کسی ایسے دن میں شرکت کرتا ہے جو بینک کی تعطیل کا دن ہے اگر وہ بینک تعطیلات پر بند ہوتے ہیں تو فراہم کنندہ کو والدین / دیکھ بھال کرنے والے کے معاہدے کے فارم پر دستخط کرنے سے پہلے آپ کو مطلع کرنا چاہئے ۔ جہاں اعانت یافتہ ہفتوں میں بینک کی تعطیلات ہوتی ہیں وہاں آپ کے بچے کو ان کا مالی اعانت یافتہ مکمل استحقاق نہیں ملے گا ۔ فراہم کنندگان کو بینک تعطیلات پر استعمال کی اشیاء کے لیئے معاوضہ نہیں لینا چاہئے۔

اگر کوئی بچہ مختصرمدت کے لیئے دور ہے ، اگر آپ چھٹی لیتے ہیں یا مدت کے دوران کوئی بچہ بیمار ہوتا ہے تو بچے کی دیکھ بھال کے فراہم کنندے کو اب بھی فنڈنگ ملے گی۔

کام کرنے والے والدین کے استحقاق اور تین- اور چار- سالہ فنڈنگ کو بچے کی دیکھ بھال کے دو یا زیادہ فراہم کنند گان کے ساتھ استعمال کیا جاسکتا ہے اگر یہ آپ کی ضروریات کو پورا کرتا ہے۔ لیکن آپ ایک دن میں صرف دو فراہم کنندگان کے پاس جا سکتے ہیں ۔بچے کی دیکھ بھال کے فراہم کنندگان کے پاس واحد فراہم کنندہ کی پالیسی ہوگی جہاں آپ کواُن کے پاس اپنے پورے استحقا ق کو لے جانا ہوگا اور فنڈنگ کو تقسیم کرنے کی اجازت نہیں دیں گے۔

اگر آپ فنڈنگ کو تقسیم کر رہے ہیں تو ، آپ بچے کی دیکھ بھال کےہر فراہم کنندے سے جتنے گھنٹے لیں گے اُن کی تعداد کا اندراج کرتے ہوئے آپ کو اِسے والدین / دیکھ بھال کرنے والےکے معاہدے کے فارم پر درج کرنے کی ضرورت ہوگی جس پر آپ ہر مدت کے آغاز میں دستخط کرتے ہیں ۔ آپ دونوں فراہم کنندگان کے درمیان اپنے استحقاق سے زیادہ کا دعویٰ نہیں کرسکتے ہیں۔

بچے کی دیکھ بھال کا فراہم کنندہ ہمیں اُن گھنٹوں کی تفصیلات فراہم کرتا ہے جن میں آپ کا بچہ ان کے ساتھ ہوتا ہے اور ECC کسی قسم کے بھی حد سے تجاوز دعوؤں کو روکنے کے لیئے پڑتا ل کرے گا۔ اگر وہ حد سے تجاوز دعویٰ کرتے ہیں تو ، آپ کو کسی قسم کے گھنٹوں کے لیئے ادائیگی کرنا ہوگی جو مالی اعانت سے چلنے والے استحقاق کے تحت نہیں آتے ہیں ۔

اگر آپ کا بچہ 2 FEEE کی وصولی میں ہوتا ہے تو ، وہ ابتدائی سالوں کے فراہم کنندہ سے صرف 2 -سالہ فنڈنگ کا استعمال کرسکتے ہیں۔

آپ فنڈنگ کو بچے کی دیکھ بھال کے فراہم کنندہ اور سکول میں استقبالیہ جماعت کے درمیان تقسیم نہیں کرسکتے ہیں۔ اِس کی وجہ یہ ہے کہ جب کوئی بچہ استقبالیہ جماعت میں جاتا ہے تو اُن کی ابتدائی تعلیم کے لیئے تمام فنڈنگ سکول کے بجٹ میں ادا کی جاتی ہیں اور بچے کی دیکھ بھالکا فراہم کنندہ اِس کا دعویٰ کرنے کے قابل نہیں ہوگا۔

اگر آپ کا بچہ استقبالیہ جماعت میں آغاز کرنے والا ہے تو ، آپ اُن کے آغاز سے پہلے موسم خزاں کی مدت کے آغاز والے دنوں یا ہفتوں کے لیئے کسی قسم کے مالی اعانت سے چلنے استحقاق کے گھنٹوں کو حاصل کرنے کے قابل نہیں ہوں گے۔

اگر آپ سکول میں داخلہ چاہتے ہیں تو **سکولوں** کو یہ کہنے کی اجازت نہیں دی جاتی ہے کہ آپ اُن کی نرسری میں لازمی شرکت کریں ۔ اگر آپ سے یہ بیان کیا جاتا ہے تو ہم آپ کی جانب سے ECC کو آگاہ کرنے کی حوصلہ افزائی کریں گے تاکہ ہم کارروائی کرسکیں۔

اگر بچے کی دیکھ بھال کا آپ کا فراہم کنندہ کسی مدت کے دوران لازمی بند ہوتا ہے اور آپ کو کسی اور کو تلاش کرنے کی ضرورت ہوتی ہے تو ، براہِ کرم fis@essex.gov.uk پر ای میل کے ذریعہ فیملی انفارمیشن سروس یعنی خاندانی معلومات کی خدمت سے رابطہ کریں۔ ایک بار جب آپ کو دوسرا فراہم کنندہ مل جاتا ہے تو ، وہ باقی مدت کے لیئے آپ کے بچے کے اعانت یافتہ استحقاق کے لیئے دیر سے دعویٰ کرنے کے قابل ہوسکتے ہیں۔

اگر آپ مدت کے دوران کسی دوسری مقامی اتھارٹی سے ایسیکس کی طرف منتقل ہوجاتے ہیں تو ، ہم بچے کی دیکھ بھال کے فراہم کنندہ کو کسی بھی ایسے بچے کے لیئے دعویٰ کرنے کی اجازت دیں گے جو پہلے سے ایسکس میں اپنا مالی اعانت سے چلنے والا استحقاق حاصل نہیں کر رہا ہے۔ وہ مدت کے بقیہ ہفتوں کے لیئے FEEE کے گھنٹوں کے لیئے 'دیر سے دعویٰ' کرنے کے قابل ہوں گے۔

اگر آپ ایسکس کاؤنٹی کونسل کے علاقے میں مدت کے دوران فراہم کنندگان کے پاس جزوی طور پر منتقل ہوتے ہیں تو ، یہ فراہم کنندہ کی صوابدید پر ہے کہ آیا وہ FEEE فنڈنگ منتقل کرتے ہیں یا نہیں۔ براہ کرم اس بات سے بھی آگاہ رہیں کہ ہر فراہم کنندہ کے پاس آپ کے ساتھ آپ کے بچے کی دیکھ بھال کے انتظام کو ختم کرنے کے لیئے نوٹس یعنی پیشگی اطلاع کی مدت ہوگی۔

فراہم کنندگان کو بیٹر سٹارٹ ٹیب یعنی بہترین آغاز کے بٹن کا استعمال کرتے ہوئے فراہم کنندہ پورٹل پرFEEE2 اور FEEE2W فنڈنگ تک رسائی حاصل کرنے والے بچوں کے لیئے مدتی ترقیاتی پیشرفت کے اعداد و شمار جمع کروانے کی ضرورت ہوتی ہے۔ اگر آپ نہیں چاہتے کہ فراہم کنندہ آپ کے بچے کے لیئے ترقیاتی پیشرفت کا ڈیٹا جمع کرے تو ، براہِ کرم 2yearold@essex.gov.uk کو ای میل کریں تاکہ ایسکس کو آپ کے فیصلے سے آگاہ کیا جاسکے۔

## 6 . فیس اور واجبات کا جدول

| | **بچہ صرف FEEE2 کے گھنٹوں تک رسائی حاصل کررہا ہے** | **بچہ FEEE2 کے گھنٹوں تک رسائی حاصل کر رہا ہے اور اضافی گھنٹوں کے لیئے ادائیگی کر رہا ہے** | **بچہ صرف FEEE3&4 FEEE2W اور FEEE1W کے گھنٹوں تک رسائی حاصل کر رہا ہے** | **بچہ FEEE3&4 FEEE2W اور FEEE1W کے گھنٹوں تک رسائی حاصل کر رہا ہے اور اضافی گھنٹوں کے لیئے ادائیگی کر رہا ہے** |
|---|---|---|---|---|
| *** رجسٹریشن / ایڈمن فیس** | **معاوضہ** نہیں لینا چاہئے | **معاوضہ** نہیں لینا چاہئے | **معاوضہ** نہیں لینا چاہئے | **معاوضہ** لیا جا سکتا ہے |
| *** انتظامی فیس** | **معاوضہ** نہیں لینا چاہئے | **معاوضہ** نہیں لینا چاہئے | **معاوضہ** نہیں لینا چاہئے | معاوضہ لیا جا سکتا ہے |
| **ڈپازٹ یعنی رقم – قابل واپسی** (اگر FEEE تک رسائی حاصل کرنے سے پہلے ڈپازٹ لیا جاتا ہے تو اسے پہلی نصف مدت کی فنڈنگ شروع ہونے کے بعد والدین کو واپس کرنا **ضروری** ہے) | **معاوضہ** نہیں لینا چاہئے (ایسکس کا معیار ، مالی معیار کی بنیاد پرFEEE2) ڈپازٹ والدین کی فنڈنگ تک رسائی میں رکاوٹ بن سکتا ہے۔ | **معاوضہ** نہیں لینا چاہئے (صرف FEEE2 کے گھنٹوں کے لیئے) | زیادہ سے زیادہ ایک ہفتے تک کے لیئے معاوضے وصول کیاجا سکتے ہیں جن میں والدین کتنے گھنٹے لینا چاہتے ہیں کے معاوضے شامل ہوں ۔ اِسے پہلی ششماہی کے وقفے کے بعد والدین کو واپس کرنا **ضروری** ہے جس کا [illegible] | معاوضہ لیا جا سکتا ہے لیکن مالی اعانت سے چلنے والے گھنٹوں کے متعلق ڈپازٹ کی رقم والدین کو پہلی ششماہی کے وقفے کے بعد واپس کرنا **ضروری** ہے۔ جس کا استحقاق لیا جاتا ہے۔**** ذیل میں مثال دیکھیں۔ |
| **رضاکارانہ عطیات** | سنیک وغیرہ کی بابت رضاکارانہ تعاون کے لیئے کہہ سکتے ہیں۔ | سنیک وغیرہ کی بابت رضاکارانہ تعاون کے لیئے کہہ سکتے ہیں۔ | سنیک وغیرہ کی بابت رضاکارانہ تعاون کے لیئے کہہ سکتے ہیں۔ | سنیک وغیرہ کی بابت رضاکارانہ تعاون کے لیئے کہہ سکتے ہیں۔ |
| **** قابل استعمال معاوضہ** | لاگو نہیں ہونا **چاہئے۔** | **لاگو کیا جا سکتا** ہے لیکن ایک متبادل انتخاب یا حل **پیش کیا جانا چاہئے** | لاگو کیا جا سکتا ہے لیکن ایک متبادل انتخاب یا حل **پیش کیا جانا چاہئے۔** | لاگو کیا جا سکتا ہے لیکن ایک متبادل انتخاب یا حل **پیش کیا جانا چاہئے۔** |

*اگر کوئی بچہ مالی اعانت سے چلنے والے گھنٹوں کے لیئے اہل ہونے سے پہلے ابتدائی سال کے فراہم کنندہ کے پاس شرکت کرتا ہے تو رجسٹریشن / ایڈمن فیس وصول کی جاسکتی ہے۔

** قابل استعمال اشیاء میں سن کریم، نیپی، سنیکس، کھانے، سفر، ماہر ٹیوشن، یونیفارم، اور اضافی نصاب کی سرگرمیاں شامل ہوسکتی ہیں۔فراہم کنندگان کو EYFS مثلاً کاغذ ، پینٹ ، فوٹو کاپی کرنا ۔ صفائی اور یوٹیلٹیز کی فراہمی کے لیئے عام کاروباری عمل کاری کے اخراجات کو شامل نہیں کرنا چاہئے ۔

فراہم کنندگان کو اپنی پالیسی مرتب کرنی چاہئے کہ والدین کے لیئے ان کی معلومات میں متبادل انتخاب میں کیا شامل ہے۔

***ڈپازٹ کی مثال:

بچہ ادارے میں فی ہفتہ 40 گھنٹے کی شرکت کرتا ہے: -

- بچہ FEEE کے 30 گھنٹوں تک رسائی حاصل کر رہا ہے
- کے لیئے لیا گیا ڈپازٹ
- 250 £: - 40 گھنٹے =6.25 £فی گھنٹہ x 30گھنٹے FEEE = 187.50£پہلی ششماہی کے وقفے کے بعد 187.50 پاؤنڈ ادارے کولازماًواپس کرنا ہوں گے جس کا استحقاق لیا جاتا ہے۔

- £250: - 40 گھنٹے =6.25 £ فی گھنٹہ 10 x گھنٹے نجی فیس = 62.50 £ ادارہ اپنی پالیسی کے مطابق 62.50 £کے ڈپازٹ کا بیلنس برقرار رکھ سکتاہے۔